ڈو یو لائک ہیم؟""".کیٹ کے من میں جو سوال تھا آخر کار اُس نے پوچھ لیا۔پتہ نہیں"۔۔ثانیہ نے کیٹ سے نظر ملائے بغیر نظریں جھکا دی۔مُجھے تو یہی لگتا ہے اور کبھی کبھار تو لگتا ہے ہی اس السو لائک یو"۔۔ایسا تو کچھ بھی نہیں ہے کیٹ،ہو سکتا ہے اسکی لائف میں کوئی اور ہو"۔مُجھے نہیں لگتا اگر ایسا ہوتا تو بتا دیتا"۔

ہمیں کیوں بتائے گا بھلا وہ"۔۔ثانیہ نے منہ بنایا۔

ایرک اور دریان کولڈ ڈرنکس لیکر اگئے تھے تبھی کیٹ نے دریان کو مخاطب کیا۔۔

"دریان،نیو ایئر کو فیئری لائٹ ہوٹل میں کپل کمپٹیشن ہے میں اور ایرک تو پرٹیسپٹ کرنے والے ہیں۔ثانیہ کا تو کوئی کپل ہے نہیں تم بھی اپنے کپل کے ساتھ پرٹیسپٹ کرو نہ"۔کیٹ کی بات پر ایرک نے نہ سمجھی سے کیٹ کو دیکھا جبکہ ثانیہ نے کیٹ کی شاطرانا حرکت کو سراہا۔

"ویل۔۔۔میرا بھی کوئی پیر نہیں ہم ایک کام کر سکتے ہیں ثانیہ اور میں ایک ساتھ حصہ لیں تو کیوں ثانیہ؟"..دریان کی بات پر کیٹ کو ٹھسکا لگا جبکہ ثانیہ بلش کرتی ہوئی رہ گئی۔۔

لیو نے کمرے کی ہر چیز کو تھیس نہیس کر دیا تھا سوائے سامنے کھڑی ماریہ کے۔

کیرن ناز نے لیو کے ڈیڈ سے معذرت کرلی تھی اور ثانیہ کے لیے لیو کا صاف انکار کر دیا تھا۔ماریہ کے لیے اب لیو کو سنبھالنا مشکل تھا اسلئے اس نے اپنے ہسبنڈ کو آفس کال کر دیا تھا اور خود کھڑی خاموش تماشائی بن گئی تھی۔

"موم یہ ضرور اُس ثانیہ کی وجہ سے ہوا ہے اسی نے انکار کیا ہے میں اسکو چھوڑو گا نہیں"۔ثانیہ کے لئے لیو کی جنونیت کا اندازہ خود ثانیہ کو بھی نہ تھا۔لیکن اب لیو کی یہ جنونیت ثانیہ کے پیار میں نہیں بلکہ نفرت میں تھی۔

"لیو تمھارے ڈیڈ کو آجانے دو پھر بات کرتے ہیں بیٹا"۔۔ نہیں موم، ڈیڈ اکر کیا بات کرینگے؟جب اُسکی موم نے ثانیہ کا منہ کیا تب اُنہوں نے کچھ کیوں نہیں کیا۔اب میں کرونگا جو بھی کرونگا"۔

"تم غصے میں ایسا ویسا مت کرنا جس سے ثانیہ ہاتھ لگنے کے بجائے تم سے اور نفرت کرنے لگے"ماریہ نے لیو کو سمجھانا چاہا لیکن وہ اپنی ماں کا ہاتھ جھٹک کر چلا گیا۔

آدھی رات گزر چکی تھی ثانیہ بالکونی میں کھڑی پورے چاند کو دیکھ رہی تھی جو بلکل اُسکے سامنے تھا۔

ٹھنڈ دھیرے دھیرے بڑھتی جارہی تھی۔لیکن وہ چاند میں کھوی ہوئی تھی.

ہوا کے ٹھنڈے جھونکے نے اسکا دھیان بھٹکایا۔اُس نے نیچے سڑک کو دیکھا جو سنسان پڑی تھی، لیکن جب اس نے دوسرے سائڈ دیکھا تو وہ گرے کورٹ میں ہاتھوں کو باندھے اُسے چلتا ہوا دیکھائی دیا۔

غور سے دیکھنے پر اُسے وہ دریان لگا۔وہ اندر ای شال پہنی کمرے سے باہر نکل گئی۔ہلکے سے مین گیٹ اوپن کیا اور پیچھے دیکھا کہ کوئی دیکھ تو نہیں رہا اور باہر نکل گئی۔

سڑک پر اکر اُس نے دیکھا تو وہاں سنّاٹا تھا اگے پیچھے دریان کہیں نہیں تھا۔

کس کو ڈھونڈ رہی ہو؟". پیچھے سے وہ اچانک نمودار ہوا۔اف دریان ڈرا دیا مُجھے"۔ثانیہ کا دل اچھل گیا۔

"تم اتنی رات کو اتنے سنّاٹا میں کیا کر رہے ہو"۔میں واک کر رہا تھا رات میں مجھے واک کرنا پسند ہے"

لیکن اتنی سردی میں"۔۔ثانیہ نے دونوں ہاتھوں پر پھونکا۔

"یار اصل مزا ہی اندھیری رات میں ٹھنڈی ہوا میں ہے.مُجھے رارتیں پسند ہیں۔رات سڑک پر اندھیرا،خاموشی کے ڈیرے،پورے چاند کے نیچے دو اجنبی ایک ساتھ"۔۔ثانیہ نے اپنی براؤن چمکتی آنکھوں سے دریان کو دیکھا ہے۔پھر وہ اجنبی شخص اُس اجنبی لڑکی کے قریب جاتا ہے،وہ لڑکی اپنے قدم پیچھے اٹھاتی ہے دونوں ایک دوسرے کی آنکھوں میں دیکھتے ہیں۔لڑکی کی آنکھیں ہلکی براؤن اور لڑکے کی بلکل سیاہ آنکھیں، پھر وہ لڑکا اپنے گرے کورٹ کی جیب سے کچھ نکالتا ہے". دریان سانس لینے کے لیے روکا۔

پھر؟""ثانیہ تجسّس کے ساتھ دریان کو دیکھ رہی تھی۔۔"پھر۔۔۔پھر اگے کا سین میں نے نہیں پڑھا".

اُو شیٹ یار **یو ار مائی بلڈ لائن**میری فورٹ بک میں سے ایک ہے"ثانیہ نے چھکتے ہوئے کہا۔

دریان دیکھ کر مسکرایا.دونوں کے بیچ لمبی خاموشی کے بعد ثانیہ دریان کو دیکھتی ہے۔"میری موم نے لیو کا منہ کردیا ہے میرے لئے"۔تم تو بہت خوش ہوگی؟".ہاں بہت ہوں اب میں اپنی پسند سے جس سے چاہو شادی کر سکتی ہوں".

کس سے کروگی تم شادی؟".دریان نے ثانیہ کی آنکھوں میں دیکھا وہ آنکھیں چرا گئی.

"میں نہیں جانتی رات بہت ہوگئی ہے دریان تم بھی اب سونے جاؤ۔۔میں بھی جارہی ہوں"وہ اندر چلی گئی اور دریان بس دیکھتا رہا۔۔۔

کیٹ کے مین ڈور کی رنگ کب سے بجی جارہی تھی۔وہ گھیری نیند سے بیدار ہوئی اور گھڑی میں ٹائم دیکھا "صبح صبح کون آگیا".

سلو موشن میں وہ اٹھتے ہوئی روم سے باہر لاؤنج میں ای اور ڈور اوپن کیا اور فٹ سے نیند غائب ہوئی.

"اتنی صبح ایرک؟؟"سو رہی تھیں سوری میں نے نیند خراب کردی لیکن بات ہی ایسی تھی یار"۔ایسی کیا بات ہوگئ؟"۔کیٹ جمائی لیتی ہوئی صوفے پر بیٹھی۔

ریڈی ہوجاؤ مجھے اپنی فیملی سے انٹرو کروانا ہے تمہارا"۔۔

کیا؟".. میری فیملی چاہتی ہے میں جلدی سے شادی کرلو اسلئے تمہارا اُن سے ملنا بے حد ضروری ہے"۔

کیٹ ان سب کے لئے فیلحال تو ریڈی نہیں تھی. لیکن ایرک کو منہ کرنے کی ہمت بھی نہیں کر سکی.

اب اٹھو اور تیار ہو"۔ایرک نے کیٹ کا ہاتھ پکڑ کر اسے جگایا جو دوبارہ بیٹھے بیٹھے سونے والی تھی۔

PRIME URDU NOVELS

نیو یار کی تیاریاں اپنے آخری مراحل میں تھی۔پورا شہر رنگوں میں نہا گیا تھا۔ایک الگ ہی ماحول تھا ہر طرف لوگوں کے گروپس تفریح میں مگن تھے۔

کیرن ناز ہر سال کی طرح اس بار بھی اپنے بسنز پارٹنرز کے ہاں مدعو تھیں اس دفعہ وہ اپنے ہسبنڈ کے ساتھ جانے والی تھیں۔

انکی خوشی کا ٹھکانہ اج الگ ہی تھا۔کیٹ اور ایرک اس دفعہ نیو ائیر پر نیو یارک جارہے تھے۔ثانیہ کو کیٹ نے چلنے کی آفر کی تھی لیکن وہ دریان کی پارٹی میں پہلے ہی مدعو کی جا چکی تھی اسلئے اس نے انے سے معذرت کرلی تھی۔

دوسری جگہ لیو ثانیہ کی ہر ایک حرکت پر نظر رکھا ہوا تھا۔اس دفعہ وہ نیو ائیر پر خون کی ہولی کھیلنے کے لیے تیار تھا۔

کیرن ناز لائٹ بلیو کلر کے گاؤن میں جو رات میں چودویں کے چاند کی طرح چمک رہا تھا بالوں کا جوڑا بنائے ہلکا سا میکپ کیے اپنے ہسبنڈ کے ساتھ نکلنے کے لیے لاؤنج میں ریڈی کھڑی تھی۔

انکے ہسبنڈ نے بھی لائٹ بلیو اور بلیک کلر کا کورٹ پینٹ پہنا ہوا تھا وہ جس پارٹی میں جارہے تھے اس پارٹی کی تھیم ہی لائٹ بلیو تھی۔

دونوں نے ہیل کی آواز پر سیڑھیوں کے اوپر دیکھا جہاں سے وہ نزاکت کے ساتھ ہاتھوں سے اپنی گولڈن کلر کی میکسی کو پکڑ کر اُتر رہی تھی۔آستین کلایوں تک اتی ہوئی بلکل فٹ تھی۔گردن پر مول ہلکا سا باہر جھانک رہا تھا۔چاند جیسی رنگت پر ہلکا سا میکپ،نیچے کے بالوں کو کرل کئے ہاتھ میں نازک سی بریسلٹ،کانوں میں گولڈن کلر کے درمیان سائز کی بالیاں جنکے نیچے ننا سا اصلی گولڈ کا موتی لٹک رہا تھا۔

"کیسی لگ رہی ہوں؟".ثانیہ نے نیچے آکر اپنے موم ڈیڈ کو دیکھا جنکی نظرے ثانیہ سے ایک منٹ کے لئے بھی نہیں ھٹ رہی تھی۔

ایسا لگ رہا ہے چاند زمین پر آگیا ہے"۔کیرن ناز نے اُسکے بالوں پر ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا۔

"مما پھر تو سب لوگ اس چاند کے پیچھے پڑھ جاینگے"۔

تو ہماری بیٹی ہے ہی اتنی خوبصورت چاند بھی کچھ نہیں ہے اسکے آگے تو"۔سائمن ناز نے اپنی بیٹی کو گلے لگاتے ہوئے کہا۔۔

آپ سب جارہے ہو؟آزر کانوں میں ہیڈفون لگائے لاؤنج میں آیا۔تم بھی چلتے تو بیٹا اچھا لگتا"۔موم آئی ہیٹ پارٹیز"۔آزر نے منہ بنایا۔جس پر تینوں ہنسنے لگے۔

دریان کے بنگلو میں ہی پارٹی ارینج کی گئی تھی۔بنگلو میں داخل ہوتے ہی بڑا سا ہال تھا. جسکو بہت پیارا سجایا گیا تھا۔ہر طرف کانچ کی طرح چمکتی ہوئی چیزیں نظر آرہی تھی۔گولڈن کلر کے شنڈ لیئر تھوڑے تھوڑے فاصلے پر لٹک رہے تھے۔

ہال کے کارنر سائڈ پر ڈی جے کا سیٹپ لگایا گیا تھا۔ہال کے بیچ میں ایک کانچ کی خوبصورت ٹیبل تھی جہاں گولڈن اور وائٹ کلر کے امپورٹنٹ چھوٹے بڑے موتی رکھے گئے تھے اور پوری ٹیبل کو ریڈ کلر کے پھولوں سے سجایا گیا تھا۔

مہمانوں کا انے کا سلسلہ جاری تھا اکثر مہمان اچکے تھے،جو ہاتھوں میں ریڈ وائن لئے گپو میں مصروف تھے۔

ثانیہ جیسے ہی ہال میں داخل ہوئی آنکھوں پر تیز روشنی لگی اُس نے ہاتھوں کو اپنے آنکھوں پر رکھا۔

دریان نے ثانیہ کو دور سے دیکھا تو اُسکی طرف قدم بڑھایا۔۔اُس نے فٹڈ بلیک شرٹ پہنی تھی،سلیوز تھوڑی سی رول،نیچے سلیم - فٹ بلیک ٹراوزر اور بلیک پولشیڈ لیدر کے شوز۔۔۔اُسکا چلنے کا انداز کانفیڈن سے بھرا ہوا،بالوں کو اُس نے اسٹائلشلی سیٹ کئے ہوئے تھے،دیپ آنکھوں سے وہ ثانیہ کو دیکھ کر ہلکا سا مسکرایا۔۔۔

مجھے اچھا لگا تم نے میرا انویٹیشن اکسیپٹ کیا"۔۔ثانیہ ہلکا سا مسکرائی۔اپنے دونوں ہاتھوں کی موٹھی بنا کر خود کو کمپوز کرنے کی کوشش کی۔۔اُسے اندازہ نہیں تھا پارٹی اتنی بڑی ہوگی اور اتنے لوگ ہونگے نارملی وہ جہاں بھی جاتی کیٹ کے ساتھ ہی جاتی تھی لیکن اج اُسے اکیلے انا پڑا۔۔

کم، میں تم کو اپنے دوستوں سے ملواتا ہوں"۔دریان ثانیہ کا ہاتھ پکڑ کر کچھ لوگوں کے گروپس میں آیا جو باتوں مگن تھے۔

دو لڑکے اور تین لڑکیوں کا گروپ جو ثانیہ کو اوپر سے نیچے تک دیکھا۔لڑکیوں کی آنکھوں میں ثانیہ کو خود کے لیے دہشت فیل ہوئی۔

گائیز اٹینشن۔۔ثانیہ میری دوست،جسکے بارے میں بتایا تھا۔۔اور ثانیہ یہ میرے دوست ہیں"۔

ریڈ ڈریس والی جسکے اوپر کا کپڑا غائب تھا دودھ جیسی سفید رنگت لال گھیری لپسٹک بالوں کو کندھے تک کٹ کئے وہ آلیش تھی۔ثانیہ کو اُسکے سامنے اپنا آپ کمتر فیل ہوا۔اُس نے مسکرانے کی ناکام کوشش کی۔۔

یہ زونی ہے،اور یہ بیلا تینوں لڑکیوں کی تیور آسمان پر تھے اُنھوں نے دریان کو عجیب سا مسکرا کے دیکھا۔

"بہت پیاری ہے ثانیہ"۔۔الیش نے دانت پیس کر ثانیہ کی تعریف کی جبکہ وہ دو لڑکے ثانیہ کو بغیر پلک جھپکائیں دیکھ رہے تھے۔"دریان تمہاری وہ آنٹی دیکھائی نہیں دے رہیں"۔۔ثانیہ نے خود پر پڑھتی نظروں سے بچنے کے لیے دریان کی آنٹی کا سہارا لیا۔

ارے ہاں آنٹی یہی کہیں ہونگی.تم ایک کام کرو یہاں ہی رہنا میں ابھی انکوں لیکر آتا ہوں کہیں جانا نہیں"۔۔دریان اپنی آنٹی کو ڈھونڈنے گیا، جبکہ ثانیہ نے تھوک نگل کر پلٹی جہاں وہ پانچوں ابھی بھی اسکو ہی دیکھ رہے تھے۔کیا میں اتنی خوبصورت لگ رہی ہوں یا کارٹون"۔۔ثانیہ نے سوچتے ہوئے زبرستی مسکرای۔۔

تم دریان کو کب سے جانتی ہو"؟الیش نے اپنے ہاتھوں کو ثانیہ کے کندھے پر رکھا اور اسکے پیچھے ای۔"میں۔۔۔میں شاید ایک مہینہ"۔

بس؟ایک مہینہ ؟۔۔ہم تو اسکو سالوں سے جانتے ہیں وہ بہت بدل گیا ہے". الیش کے آنکھوں میں نفرت جھلک رہی تھی.

"۔۔آلیش""۔۔۔دریان کو دیکھ کر اس نے اپنا ہاتھ ہٹایا جبکہ دریان نے آلیش کو گھورا.

آنٹی بسی ہیں تم او میں باقی سب سے ملواتا ہوں تمہیں"۔۔دریان ثانیہ کو وہاں سے لے گیا جبکہ وہ پانچوں بس ایک دوسرے کو غصے سے دیکھتے رہے۔۔

نیو ائیر اسٹارٹ ہونے میں بس پندرہ منٹ باقی تھے۔بنگلو کے باہر آتش بازی کی ساری تیاریاں مکمل ہو چکی تھی بس بارہ بجنے کا انتظار تھا۔ہال سے آدھے لوگ باہر اچکے تھے، اور باقی بارہ بجنے کا انتظار کر رہے تھے۔ثانیہ اندر لوگوں کی نظروں سے بچنے کے لیے باہر اگئی تھی.

دریان"۔۔۔ثانیہ نے لان میں اتے ہوئے دریان کو بلایا جو لوگوں سے باتوں میں مصروف تھا۔

Email : aatish2kx@gmail.com Whatsapp : 03335586927

مزا نہیں آرہا کیا"۔۔دریان نے ثانیہ کہ چہرہ دیکھا جہاں بظاھر تو نہیں لگ رہا تھا لیکن ہاں اندر سے واقعی وہ کیٹ کی آفر کو مس کر رہی تھی۔"نہیں ایسا نہیں ہے، وہ بس پتہ نہیں تمھارے جاننے والے بہت عجیب ہیں"۔ثانیہ کو تھوڑا برا لگا لیکن اس نے جو محسوس کیا بول دیا۔۔

"عجیب نہیں ہیں اتنی حسین لڑکی کو انہوں نے پہلی دفعہ دیکھا ہے اسلئے شاک میں ہیں"۔ایسا تو نہیں ہے وہ تمہاری دوست کیا نام ہے اسکا الیش مجھ سے زیادہ پیاری ہے"۔۔ثانیہ نے منہ بنایا۔

اچھا میں نے اسے غور سے نہیں دیکھا میں دیکھ کر آتا ہوں"۔تو جاؤ میں نے کہا روکا ہے"۔۔ثانیہ نے دریان سے رخ پھیر لیا جبکہ وہ اسکی اس ادا پر مسکرایا۔

"تم یہاں ہو میں تمہیں اندر دیکھ رہی تھی" الیش ہاتھ میں وائن کا گلاس پکڑ کے ای اور دریان کو پکڑایا۔ثانیہ دونوں کو ساتھ باتیں کرتے ہوئے دیکھتی رہی یہاں تک کے اسکا سیل رنگ ہوا۔

ہاں بولو انجیلا"۔۔میڈم وہ آزر سر ٹیرس پر گئے ہیں اور اُنہوں نے خود کو اندر سے بند کرلیا ہے"۔۔کیا؟.یہ کیا بول رہی ہو انجیلا"۔۔

میں نے کافی ڈور بجایا لیکن وہ نہیں کھول رہے مُجھے تو گھبراہٹ ہورہی ہے"۔انجیلا نے اپنا پسینہ صاف کیا۔

میں آرہی ہوں بس"۔۔ثانیہ نے فون کٹ کر کے دریان کو دیکھا جو باتوں میں مگن تھا۔اُس نے میکسی اٹھائی اور باہر نکل ائی۔نیو ائیر کی وجہ سے سڑک پر کافی چہل پہل تھی۔وہ تیز قدم اٹھاتی اپنے بنگلو کے اندر ائی جہاں مین گیٹ پر ہی انجیلا کھڑی تھی۔اُسکے چہرے پر ٹینشن صاف دیکھائی دے رہی تھی۔

کہاں ہے آزر؟"

میڈم اوپر"۔انجیلا نے سیڑھیوں کی طرف اشارہ کیا۔ثانیہ ہائی ہیل پہننے کے باوجود تیز رفتار سے سیڑھیاں چڑھتی ہوئی اوپر ائی. ثانیہ تیز قدموں کے ساتھ اتی ہے اور ٹیرس کا دروازہ کھولتی ہے جو دھیرے دھیرے کھولتا چلا جاتا ہے۔

ٹیرس کافی اونچا اور بڑا تھا۔ٹیرس کے چاروں کناروں پر بھولوں کے گملے رکھے ہوئے تھے۔ایک چھوٹا سا بلب تھوڑی سی روشنی دے رہا تھا باقی اندھیرا پڑا ہوا تھا۔ثانیہ دبے پاؤں آگے اتی ہے اور آزر کو آوازے دیتی ہے۔ تبھی باہر سے دروازہ بند کرنے کی آواز سے وہ چونک جاتی ہے اور دروازے کی طرف لپکتی ہے۔آزر""۔۔انجیلا"۔۔ثانیہ دونوں کو آوازے دیتی ہے لیکن انہی بیچ ایک اور آواز تھی جو سن کر وہ دنگ رہ گئی تھی۔۔

لیو۔۔لیو"دھڑکتے دل کے ساتھ وہ گردن موڑتی ہے سامنے کھڑا لیو ہاتھوں میں سگریٹ پکڑے دھوئے کو ہوا میں اڑا رہا تھا.

"تمم۔۔تم یہاں؟آزر کہا ہے"۔آزر تو نیچے ہوگا میری جان ابھی تو ہم دو ہے۔بس".لیو نے ایک آنکھ ونگ کی۔

"تمہاری ہمت کیسے ہوئی یہاں انے کی"۔۔ثانیہ کی آواز ڈر کے مارے کپکپانے لگی لیکن اُسکی بھرپور کوشش تھی کہ خود کو کمزور ظاہر نہیں کرے۔"میرے اندر تو کافی کچھ کرنے کی ہمت ہے،جس کا نمونہ اج تم اپنی آنکھوں سے دیکھوں گی" لیو نے سگریٹ پھینکی اور اپنے بوٹس سے اسکو مثل دیا۔

میں نے سنا ہے تمہیں ہائیٹ سے فوبیا ہے"۔لیو شیطانیت سے مسکرایا۔

پلیز میرا پیچھا چھوڑ دو میں نے کیا بگاڑا ہے تمہارا؟". چلو ایک کام کرتے ہیں۔مرنے والے کی بھی آخری وش پوری کی جاتی ہے۔میں تمہیں ایک چانس دیتا ہوں"۔لیو نے اپنی تھوڑی کو جائی.

اگر تم مجھے کہہ دو کہ یو لو می، میں تمہیں چھوڑ دونگا"۔

لو؟؟ مائی فٹ،آئی جسٹ اینڈ جسٹ ہیٹ یو"۔لیو غصے سے ثانیہ کی طرف لپکا اور ثانیہ کا بازو زور سے دبوچا.

نفرت؟؟ میں تمہیں اب نفرت کرنے کے قابل رہنے کہاں دونگا۔ تمہیں یہ سمجھنا ہوگا مس ثانیہ، یہ ٹیرس اب تمہاری آخری منزل ہے

"مجھے جانے دو پلیز"۔ثانیہ نے کپکپاتی آواز سے لیو سے منت کی۔

"دیکھو، نیا سال شروع ہونے والا ہے۔لوگ نئے سپنے دیکھ رہے ہیں، اور تمہاری زندگی کا سپنا اب ختم ہونے والا ہے۔تمہاری زندگی بھی اس سال کے ساتھ ختم ہوجائے گی"۔لیو ہنسا۔

ایسا کبھی نہیں ہوگا"ثانیہ نے چیختے ہوئے کہا۔

تو تمہیں میرے پر یقین نہیں ہے چلو خود ہی دیکھ لو"۔لیو ثانیہ کا بازو پکڑے ٹیرس کے ایک کونے پر لے گیا۔

جہاں ایک الیویٹڈ پلیٹ فارم ہے۔جہاں سے نیچے گرنا مطلب موت تھی۔ثانیہ ڈر کے مارے کانپ جاتی ہے۔دل زور زور سے دھڑکنے لگتا ہے سردی میں بھی اُسکے کپڑے پسینے سے بھیگ جاتے ہیں وہ وش کرتی ہے کاش میں پرندہ ہوتی اور یہاں اس بھاگ جاتی۔

لیو اسکا بازو پکڑ کر پلیٹ فارم کے بلکل اتیج پر لے آتا ہے،اُسکی شکل پر ایک شاطر مسکان ہوتی ہے جیسے اسکا مقصد جلد ہی اپنے اختتام کو جانے والا ہے.

نیو ائیر لگنے میں بس چند ہی سیکنڈ باقی تھے۔گھڑی کا کانٹا تیزی سے بڑھ رہا ہے اور ثانیہ کا دل تیزی سے ڈھڑک رہا تھا ڈر کے مارے وہ اپنی آنکھیں بند کرلیتی ہے، موت قریب تھی اسکو یاد کرنا تھا اپنے قریبی لوگوں کو، ائی لو یو موم،ڈیڈ،کیٹ، تم کہاں ہو پلیز میرے پاس آجاؤ. کیٹ کا ہستا ہوا چہرہ اُسکی آنکھوں کو مزید نم کردیتا ہے. کہیں دھندلا دھندلا اُسے ایک اور چہرہ دیکھائی دیتا ہے جسکو دیکھنے کی چاہت اُس نے اپنی زندگی کے آخری لمحے میں بھی کی تھی۔

****

"کہاں ہو؟".ثانیہ نے کافی کا گھونٹ نگلا۔

"میں۔۔کیوں, کیا کام ہے"۔

جہاں بھی ہو بس فوراً گھر آجاؤ"

۔گھر...؟لیکن کیوں سب خیریت ہے؟". دریان کچھ کنفیوزڈ ہوا۔

کچھ خیریت نہیں ہے،بہت بڑی گڑبڑ ہے"۔ثانیہ نے نیچلا ہونٹ دبا کر اپنی ہنسی کنٹرول کی۔۔

لیکن ہوا کیا ہے ثانیہ؟". بہت بڑا مسئلہ ہو گیا ہے کوئی میرا دل چرا کر بھاگ گیا ہے"۔ثانیہ نے شرارت سے کہا۔تو تم کیا چاہتی ہو؟میں وہاں اکر تمھارے دل چورانے والے کو پکڑو؟". ہاں بلکل۔۔اسلئے ابھی کہ ابھی یہاں او"۔ثانیہ، ابھی میں نہیں آسکتا"۔لیکن کیوں؟...اچھا میں بتاتی ہوں تمہیں۔۔میں نے سوچ لیا ہے کہ مجھے اپنے پرنٹس کو سب بتا دینا چاہیے،وہ تمہیں ایک اچھا لڑکا سمجھتے ہیں،اب وقت آگیا ہے اُنہیں یہ بتانے کا کہ اس اچھے لڑکے نے انکی بیٹی کا دل چرا لیا ہے"۔

کیا؟سریسلی ثانیہ؟میں ابھی کہیں بھی نہیں آرہا۔۔اور تم نے اکیلے کیسے فیصلہ کرلیا یہ سب؟". دریان غصّہ ہوا۔

کیا مطلب اکیلے؟کسی نہ کسی کو تو یہ اسٹیپ لینا تھا نہ"۔ثانیہ چڑی."ہاں لیکن ابھی وہ وقت نہیں آیا،نہ تو میں وہاں آرہا ہوں نہ تم کچھ بولوگی اُنہیں"۔دریان نے ثانیہ کو وارن کیا۔۔تم چاہتے ہو کہ میرے پرنٹس کو ہمارے بارے میں باہر سے معلوم چلے؟تاکہ میرے پر سے اُنہیں بھروسہ نہیں رہے"ثانیہ بھی تھوڑی روڈ ہوئی۔"میں فلحال کچھ نہیں چاہتا،اسلئے منہ کر رہا ہوں"۔ثانیہ نے اپنے انسو ضبط کئے."میں آخری دفعہ پوچھ رہی ہوں دریان۔۔تم آرہے ہو یا نہیں؟". میں بھی آخری دفعہ بتا رہا ہوں میں نہیں آرہا ہوں"۔دریان نے ثانیہ کی جیسے بھاری آواز بلکل سے اگنور کی۔۔ صحیح ہے تو آئندہ کبھی بھی نہیں انا تم۔۔اور نہ میں تم سے ملوگیں"۔ثانیہ نے آنسوؤں کے ساتھ فون کٹ کیا اور بیڈ پر منہ چھپا کر رونے

لگی۔۔دریان بھی ثانیہ کو خفا کر کے خوش نہیں تھا لیکن وہ سورج کی روشنی میں بغیر اینٹیٹیوڈ کے نہیں نکل سکتا تھا.. اُسکی بھی مجبوری تھی۔۔

رات کا وقت جب ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا تھا۔لیبارٹری میں جہاں ہلکی ہلکی روشنی میں صرف ٹیوب لائٹ کا فلیکر ہورہاہے تھا۔بیل اور زونی ہاتھوں میں لگی ہنڈکف سے جکڑے ہوئے تھے۔روم بلکل ٹھنڈا اور ہر طرف سنّاٹا چھایا ہوا تھا،صرف سیکیورٹی کیمرہ کی ہلکی ہلکی آواز سنائی دے رہی تھی۔باہر چاند پورا چمک رہا تھا۔۔تبھی اُسی چاند کی روشنی سے گزرتا ہوا وہ سایہ منہ پر کالا ماسک اور کالی لیدر کی جیکٹ پہنے دبے پاؤں ادھر ادھر نظرے دوڑائے اندر قدم رکھا..

اُسکی چال میں کوئی آواز نہیں تھی ہر قدم سمجھداری کے ساتھ رکھا جارہا تھا۔اندھیرے میں اپنے موبائل کی لائٹ آن کی جاتی ہے،اور دھیرے دھیرے قدم اٹھا کر کنٹرول پینل کی طرف جایا جاتا ہے،اپنے گلو فنگرز سے ریپڈلی بٹن پرس کیا جاتا ہے جس سے ایک ہلکی دیپ آواز ہوتی ہے اور سارے کیمرہ ٹیمپریری ڈیسبل ہوجاتے ہیں۔

زونی اور بیل کو احساس ہوتا ہے کہ وہاں کوئی ہے،جسے وہ اندھیرے کی وجہ سے دیکھ نہیں پاتے،اندھیرے میں وہ بلیک جیکٹ کے قدم آگے بڑھتے ہیں۔بیل دھیمی آواز میں بولتا ہے،"کون ہے وہاں؟" وہ خاموش کھڑی اپنے پاکٹ سے ایک چھوٹی سی ویال نکالتی

ہے۔اُس ویال کو سولر کفس پر چند ڈراپ ڈالتی ہے۔میٹل سے سزّذّز کی آواز اتی ہے۔کچھ سیکنڈ بعد وہ کیئر فلی انکے ہاتھوں سے ہتکڑیاں کھولنے لگتی ہے بغیر اُنہیں ٹچ کیئے۔۔

"کون ہو تم؟".زونی اُسے گھورتی ہے۔۔"تمہاری آزادی"تیر کی طرح تیز آواز۔جیسے ہی دونوں کے ہاتھوں سے ہتھکڑی کھولتی ہیں دونوں کی طاقت واپس آجاتی ہیں۔"تم لوگ کو یہاں سے جلدی سے نکلنا چاہیۓ،اس سے پہلے کوئی یہاں ائے"۔لیکن تم ہو کون؟اور ہماری مدد کیوں کر رہی ہو؟"زونی اُسکے قریب اتی ہوئے اسکو آنکھوں سے ڈراتی ہے جبکہ بیل اُسے پیچھے سے اسکا ہاتھ پکڑتا ہے۔"ہمیں یہاں سے نکلنا چاہیۓ،اس سے پہلے کوئی آجائے"۔بیل نے زونی کے کان میں سرگوشی کی۔زونی نے سر کو خم کیا اور وہ دونوں الٹے قدم پیچھے ہوئے اور اندھیرے میں گُم ہوگئے۔

وہ لڑکی اُنہیں اندھیرے میں غائب ہوتے ہوئے دیکھتی رہی. چہرے پر ایک خطرناک مسکراہٹ لئے اُس نے احتیاطاً دوبارہ کمرے کا جائزہ لیا. اور دھیرے دھیرے قدم اٹھاتے ہوئی واپس کنٹرول روم میں ائی.ایک ایک کر کے سارے کیمراز کو آن کردیا اور وہاں سے تمام ثبوت مٹا دیئے. اُسکی صفائی دیکھ کر لگتا تھا وہ اس کام کی کافی مہارت رکھتی تھی.. لیکن وہ تھی کون؟وہ جو بھی تھی لیکن ویمپائر راز جان چکی تھی.ویمپائر کی مدد کر کے یا تو وہ انہی استعمال کر رہی تھی یا اسکے پیچھے اسکا مقصد کچھ اور تھا..

کیٹ اپنے فلیٹ میں بیٹھی اپنے بک کیس کی ساری بوکس نکالی انکی صفائی میں مگن تھی۔ بالوں کو جوڑے میں کیئے دو لٹے نکالے پنک کلر کے رف ڈریسنگ،چہرے پر ایک پریشانی تھی،اور بار بار نظرے موبائل پر دوڑا رہی تھی۔تنگ آکر اس نے دوبارہ موبائل کو ہاتھ میں اٹھایا اور کال ملائی۔نمبر دوبارہ بند جارہا تھا۔وہ چڑ کر اٹھی اور کپڑے چینج کرنے گئی۔

تھوڑی دیر بعد وہ وائٹ ٹاپ پر نیوی بلیو جینز پہنے بالوں کو آزاد کیئے باہر ائی،موبائل ہاتھ میں اٹھایا اور ایرک کے گھر جانے کے لئے نکل گئی۔۔

گھر پہنچتے ہی اُس نے لمبی سانس لی۔اکیلے انا اُسے تھوڑا عجیب لگا لیکن اور کوئی راستہ بھی نہیں تھا،کیوں کہ ایرک کا فون دو دونوں سے بند جارہا تھا۔اپنے آپ کو پورا تیار کرتے ہوئے فل کانفیڈنٹ کے ساتھ وہ اندر گئی۔۔اندر سنّاٹا تھا،اسکو آتا ہوا دور سے ایرک کے ڈیڈ نے دیکھا جو اسکی طرف ائے۔"تم یہاں کیا کر رہی ہو لڑکی؟". ایرک کے ڈیڈ نے تیوری چڑھائی۔

میں۔۔۔وہ ایرک۔۔اسکا فون نہیں لگ رہا تھا تو۔۔۔"۔ایرک کا فون نہیں لگ رہا تھا تو تم یہاں کیوں ای ہو؟". پیچھے سے ایرک کی موم غصے سے ای۔جی؟"..امید تو نہیں تھی،کہ ہمارے منہ کرنے کے باوجود تم اس گھر میں اوٗگی"۔میں۔۔میری کچھ سمجھ نہیں آرہا آپ کیا بول رہی ہیں"۔ایک تو ایرک کے گھر یو انا, اوپر سے بے سر باتیں اُسکے واقعی پلّے نہیں پڑھ رہی تھیں..

ڈرامے تو اسے کر رہی ہو جیسے کچھ معلوم ہی نہیں ہے تمہیں؟"اُسکی موم غصے سے پھٹیں..کیٹ نے نا چاہتے ہوئے بھی اپنے آپ کو نارمل رکھا اور ایک لمبی سانس لی ورنہ اس ٹائم اسے کافی حد تک غصّہ آرہا تھا. آنٹی۔۔۔میں یہاں بس ایرک سے ملنے ائی ہوں پتہ نہیں لیکن اسکا فون بند جارہا ہے". لیکن تمہیں اُس سے کیوں ملنا ہے اب؟جب وہ تم سے شادی کر نہیں سکتا تو پیچھا چھوڑ دو اُسکا". کیٹ نے دونوں کی شکلیں دیکھیں..ایک منٹ۔۔۔وہ شادی نہیں کر سکتا مطلب؟؟". بیوقوف لڑکی،مطلب یہ ہے کہ ہمیں تم پسند نہیں ہو اسلئے ہم نے ایرک کو صاف انکار کردیا ہی تمھارے لئے۔۔کیا ایرک نے نہیں بتایا تمہیں؟". ایرک کی موم طزیہ ہنسی۔۔

لیکن۔۔۔وہ۔۔ایرک نے تو۔۔"کیٹ کے آدھے الفاظ حلق میں ہی اٹک رہے تھے. ہاں ہاں ایرک نے یقیناً تم سے سچ چھپایا ہوگا لیکن شکر ہے تم اج یہاں اگئ اور تمہیں سچ معلوم ہوگیا"ایرک کے ڈیڈ نے سُکھ کا سانس لیا..کیٹ نے اپنے ہاتھوں کی موٹھی بند کی اور خود پر قابو پانے کی کوشش کی. میں۔۔۔چلتی ہوں"۔وہاں کھڑے کھڑے اُسے گھٹن محسوس ہونے لگی. تیز قدم بڑھاتی ہوئی وہ وہاں سے نکل گئ. آنکھیں ضبط سے لال ہو چکی تھی اور چہرہ بلکل بے تاثر تھا.وہ کار میں اکر بیٹھی اور پانی کی بوتل اٹھائی،ایک ہی سانس میں وہ پوری بوتل گٹک گئ.اتنا بڑا جھوٹ ایرک۔۔۔؟کیا ملا میری انسلٹ کروا کر تمہیں؟..سر کو سیٹ سے لگا کر وہ خود کو نارمل کرنے کی کوشش کرنے لگی کیوں کہ ابھی وہ ڈرائیونگ کرنے کے قابل نہیں تھی..

ایک پرانی کیو، جو شہر سے کافی دور سنسان جہاں روشنی کی ہلکی ہلکی کیرن آرہی تھی باقی پوری کیو میں اندھیرا تھا.دیواروں پر خوفناک پینٹنگ جو کافی صدیوں پرانی لگتی ہیں لگی ہوئی تھی. ایک گول میز کے کناروں پر وہ سب اپنی اصل حالات میں بیٹھے کسی گھیری سوچ میں گم تھے.

دریان، بیل اور زونی کو انتہائی غصے انگارے جیسی نظر سے دیکھ رہا تھا اور موٹھی بنائے اپنے غصے کو کسی حد تک کنٹرول بھی کر رہا تھا. دریان""۔۔یہ وقت غصے کا نہیں عقل استعمال کرنے کا ہے"الیش نے دریان کے کاندھے پر ہاتھ رکھا۔۔۔آخر تم لوگ نے اُس لڑکی کو کیسے جانے دیا؟وہ یقیناً ہماری اصلیت جانتی تھی"۔دریان چیئر سے اٹھا،چیئر ہوا میں دور جاکر گری۔

"لیکن دریان۔۔ ہمیں اُس وقت اپنے آپ کو بچانا تھا"۔بیل نے اپنی صفائی میں بولنا چاہا۔۔ تبھی دریان اُس پر جھپٹا، ہواؤں کی رفتار اسکے غصے سے زیادہ تیز ہوگئ.دریان۔۔الیش نے دریان کو پیچھے ہٹانا چاہا۔دریان نے اپنے تیز کے نوکیلے ناخن سے اُسکی گردن دبوچی۔۔تمہاری اس حرکت سے ہم سب کو کتنا بڑا خطرہ ہو سکتا ہے، تمہیں معلوم بھی ہے؟"""۔غصے سے دریان کی نسے اُبھرنے لگی۔دریان اسٹاپ اٹ"۔۔بیل کا دم گھوٹتے ہوئے دیکھ کر الیش نے اپنی پاور کا استعمال کرتے ہوئے تیز آواز نکالی,جس سے دریان کو مخاطب کیا۔

دریان کی گرفت ہلکی سی کم ہوئی لیکن اس سے بیل پر کوئی فرق نہیں پڑا۔۔"دریان۔۔۔اپنے غصے کو ٹھنڈا کرو تمہیں۔۔ تمہیں ثانیہ کی قسم"""۔۔دریان کے ہاتھ ہلکے سے شیک ہوئے سانس دوبارہ نارمل ہونے لگی غصّہ ابھی بھی تھا، لیکن اتنا نہیں کے وہ کیسی ویمپائر کی جان لے.

دریان نے اپنے نوکیلے ناخن پیچھے کئے اور ایک تیز نظر بیل پر ڈالتے ہوئے پیچھے ہٹا۔۔۔ نوکیلے دانت اب نارمل شکل میں آگئے تھے۔سب صحیح ہونے کے بعد الیش نے دھیمی آواز سے بات کا آغاز کیا۔۔

"دریان۔۔تمہارا غصّہ جائز ہے،ہم واقعی اُس لڑکی کی وجہ سے مسئلے میں پھنس سکتے ہیں.کون تھی وہ آخر,اُس نے ہماری مدد کیوں کی؟۔کیا وہ کوئی چال چل رہی ہے یا کیا۔۔ہمیں یہ پتہ کرنا ہوگا"۔۔۔لیکن کیسے کرینگے؟اُس نے اپنا چہرہ چھپایا ہوا تھا۔۔ہم اپنی پاورز کا یوز کر کے بھی اُس لڑکی تک نہیں جا سکتے"۔زونی نے پہلی دفعہ گفتگو میں حصہ ڈالا۔۔۔لیکن پتہ تو کرنا پڑے گا نہ،ہماری سچائی کسی انسان کو نہیں معلوم،اگر اُسے معلوم ہے تو یہ ہمارے لئے خطرہ ہے"۔لیکن دریان۔۔جس کو بھی ہماری اصلیت معلوم ہوئی یا تو ہم نے اسے جان سے مار دیا یا اُسکی یاد داشت مٹا دی۔۔یہ کون ہے جو ہم سے بچ گئی؟"۔الیش نے سوچتے ہوئی کہا۔جو بھی ہے اُسے جلدی ڈھونڈ کر ٹھکانے لگانا تم لوگوں کی ذمے داری ہے.دریان نے زونی اور زخمی بیل کو دیکھا.کچھ تو تم لوگوں نے نوٹ کیا ہوگا اُس لڑکی کے بارے میں؟کوئی ایسی چیز جس سے ہم اپنی پاورز کا استعمال کر کے اُس تک پہنچ جائے؟"..اُسکی

آواز"۔۔۔زونی نے ترچھی نظر سے سب کو دیکھا. اگر وہ ہمارے سامنے اتی ہے تو ہم اُسکی آواز سے اسکو پہچان لینگے"۔

رات کے گیارہ بجے ثانیہ اپنے کمرے میں لیٹی چھت کو گھور رہی ہوتی ہے۔دریان سے اسکا اُس دن سے کوئی رابطہ نہیں ہوا تھا۔اور نہ ہی دریان نے پہل کی تھی،یہی بات اُسکے لئے ناقابل برداشت تھی۔محبت کا دعوٰی کرنے والے کو اُسکی ناراضگی سے کوئی فرق نہیں پڑا تھا۔ثانیہ نے بھی ٹھان لی تھی کہ وہ بھی خود سے آگے نہیں بڑھے گی. آنکھیں بند کرتی ہوئی اُس نے کروٹ لی تبھی اسکا سیل رنگ کرتا ہے وہ دیکھتی ہے اُس پر ایک انورنگ نمبر سے میسیج آیا ہے۔

"اپنا غصّہ سائڈ پر رکھ کر بس ایک بار اپنی ونڈو سے باہر دیکھو"۔

پہلے تو ثانیہ میسیج کو اگنور کرتی ہے لیکن تجسّس سے مجبور ہوکر وہ ونڈو سے پردہ ہٹا کر باہر دیکھتی ہے۔نیچے ایک بلیک و نٹیج کار میں بیٹھا سگریٹ ہاتھ میں پکڑے دھواں ہوا میں اڑا رہا تھا۔ثانیہ کا خون کھولتا ہے تبھی ایک اور میسیج اسکے فون میں آتا ہے۔

"مجھے بس دس منٹ دو،اگر اُسکے بعد بھی غصّہ نہیں جاتا تمہارا تو میں چلا جاؤنگا"۔پہلے تو ثانیہ کا دل کرتا ہے کہ غصے میں اپنا موبائل ہی دیوار پر مار دو،لیکن پھر سوچتی ہے کہ میں اپنا نقصان کیوں کرو.وہ تیوری چڑھاتے کمرے میں اتی ہے.اور اپنی شال اٹھا کر نیچے اتی ہے..

یہ سب کیا ڈراما ہے؟".ثانیہ غصّہ سے گھورتی ہے۔دریان سمرک کرتا ہے۔"تمھیں لگتا ہے میں بغیر کسی وجہ کہ تمھیں یہاں بلاؤ گا؟".لیکن تمھیں تو میرے سے ملنے میں کوئی دلچسپی نہیں تھی؟". دریان ثانیہ کا غصے سے لال ہوتا چہرہ دیکھتا ہے اور سر جھکا کر اپنی ہنسی کنٹرول کرتا ہے۔مجھے تم سے دلچسپی ہے کافی نہیں ہے"۔دریان ثانیہ کو دیکھ کر ایک آنکھ دباتا ہے اور ثانیہ اُسے گھورتے ہی رہ جاتی ہے۔۔

اب غصّہ ختم کرو اور کار میں بیٹھو ورنہ میں خود اپنی گود میں اٹھا کر بیٹھا دونگا؟". کیوں مجھے گھر سے اغواء کرنے کے لئے آئے ہو؟". ہمم آئیڈیا بُرا نہیں ہے,میں سوچتا ہوں تمھیں اس دنیا سے دور کہیں لے جاؤ،جہاں ہمارے علاوہ اور کوئی نہ ہو،دِن رات تم میری باہوں میں رہو".شرم کرو"۔۔۔ثانیہ چڑی۔

گھیری اندھیروں میں سڑک پر تیز رفتار میں گاڑی جنگل کی طرف جا رہی تھی۔ثانیہ تھوڑی کنفیوز ہوتی ہے۔

کہاں لے جارہے ہو؟"".دریان ایک مسٹیریس سمائل دیتا ہے۔جہاں تمھارا غصّہ پگھل جائے"۔۔

تھوڑی دیر بعد کار ایک ہیڈن پلیس پر روکتی ہے ایک اولڈ برج کے پاس، جہاں بس چاند کی روشنی ہوتی ہے نیچے ایک خاموش دریا فلو کر رہا ہوتا ہے۔برتج پر سوفٹلی گلوونگ لنٹرنس لگے ہوتے ہیں،اور ہوا میں الگ ہی کولڈ، میجیکل وایب ہوتی ہے۔

ثانیہ گاڑی سے نکلتی ہے اور حیران ہوتی ہے"کتنی خوبصورت جگہ ہے یہ"

دریان تھوڑی دیر ثانیہ کو دیکھتا رہتا ہے اور پھر ہلکا سا مسکراتا ہے۔"تمہاری خوبصورتی کے آگے یہ تو کچھ بھی نہیں ہے،تم اس سے بھی زیادہ خوبصورت ڈیسرو کرتی ہے"۔

ثانیہ کچھ سیکنڈ کے لئے سب بھول جاتی ہے. اور ہلکا سا مسکراتی ہے. دریان ایک لکڑی کی بینچ کی طرف اشارہ کرتا ہے۔۔"بیٹھو۔۔تم سے ایک ضروری بات کرنا ہے"۔ثانیہ تھوڑا اٹیٹیوڈ دیکھا کر بیٹھ جاتی ہے۔۔

دریان اپنی جیب سے ایک چھوٹا سا ووڈن بوکس نکالتا ہے،جس میں ایک ہینڈرائیٹڈ لیٹر ہوتا ہے۔ثانیہ دیکھ کر کنفیوز ہوجاتی ہے۔"یہ کیا ہے؟ سوسائیڈ نوٹ؟"دریان ایک دیپ اہ بھرتا ہے۔ویل ابھی وہ دِن نہیں ائے"۔۔

ثانیہ لیٹر کھولتی ہے،اور پڑھنا اسٹارٹ کرتی ہے!

***میں چاہتا ہوں کہ تم مجھے اس دن کے لئے معاف کردو جب میں نے بغیر سوچ سمجھے تم سے روڈلی بات کی،میں پرفیکٹ نہیں ہوں، اور نہ بننے کا دعویٰ کرتا ہوں،لیکن ایک چیز جو بلکل سچ ہے۔۔۔میں تمھارے بنا ادھورا ہوں۔۔تم میری دنیا کا سب سے خوبصوت حصہ ہو۔جس کو میں کبھی کھونا نہیں چاہتا۔میں نے تمہارا دل دکھایا ہے۔تم جو سزا دینا چاہو گی مجھے قبول ہوگی۔۔

اگر میں نے تم سے کہا ہے کہ مجھے تم سے پیار ہے تو یہ بس الفاظ نہیں تھے یہ بات وہاں سے نکلی تھی جہاں تمھارے سوا اور کوئی نہیں رہتا۔۔"میرا دل" تم میرے دل کی ملکہ ہو، میرا دل بھلے میرے سینے میں ہے، لیکن اُسکی حکمرانی تمھارے ہاتھوں میں ہے.. لیکن بس مُجھے کبھی چھوڑ کر مت جانا... تمہارا دریان***

ثانیہ کی آنکھیں پڑھتے پڑھتے کب نم ہو جاتی ہے اُسے خود بھی احساس نہیں ہوتا۔وہ اپنے آنسو چھپاتے ہوئے ایک لمبی سانس لیتی ہے.

اور اگر میں معاف نہیں کرو تو؟"

دریان ایک ڈرامیٹک اہ بھرتا ہے۔"تو پھر مجھے اس پُل سے جمپ مارنا پڑے گا"۔ثانیہ اُسے حیرانی سے دیکھتی ہے۔پاگل ہو گیا؟"۔اور جیسے ہی دریان پُل کی ریلنگ پر چڑھنے لگتا ہے،ثانیہ اسکا ہاتھ پکڑ لیتی ہے۔دریان اپنی ہنسی کنٹرول کرتا ہے۔"یعنی تم نے مجھے معاف کیا؟” ثانیہ اُسے غصے سے دیکھتی ہے" اگر آئندہ تم نے یہ حرکت کری،تو خود تمہیں یہاں سے دھکّا دونگی"۔

دریان دھیرے سے اُسکے ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لے لیتا ہے۔"دھکّا کیا جان سے مار دینا لیکن کبھی بھی مجھ سے دور نہیں جانا۔۔ورنہ یہ پُل سے کیا تمھارے لئے تو میں ماؤنٹ ایورسٹ سے بھی گر جاؤ"۔دونوں کے درمیان خاموشی ہو جاتی ہے۔

رات کی ٹھنڈی ہوا،نیچے بہتا خاموش دریا،اور چاند کی روشنی دونوں کے چہروں پر پڑھ رہی تھی۔"ایسا کرنے کی کچھ ضرورت نہیں ہے بس آئندہ سے میرے سے کبھی ایسے بات نہیں کرنا۔میں جن سے محبت کرتی ہوں انکی روڈنیس برداشت نہیں کر پاتی"۔ثانیہ کی آنکھوں سے آنسوں گرنے لگے۔۔دریان بھی ثانیہ کو دیکھ کر پیار سے مسکراتا ہے.. ائی پرومس، دوبارہ ایسا نہیں ہوگا"۔لیکن میں کیسے بلیو کرلو؟".ثانیہ آنسو صاف کرتی ہے اور معصومیت سے پوچھتی ہے۔۔

"ہمم۔۔۔دریان ایک چھوٹی سی بلیک کلر کا بوکس اپنی پاکٹ سے نکالتا ہے، اُس میں ایک ٹینی ہارٹ شیپ کی لال رنگ کی پینڈینٹ ہوتی ہے۔

یہ بس گفٹ نہیں،ایک پرومس ہے،جو ہمارے رشتے کو آپس میں جوڑے رکھے گا"ثانیہ رنگ کو دیکھ کر بلش کرتی ہے۔

دریان اُسکی آنکھوں میں دیکھتا ہے اور کہتا ہے۔۔"اب بولو اب بھی غصّہ ہے یا اور کوئی سزا باقی ہے؟"۔تم ہمیشہ میرے رہنا یہی تمہارے لئے سزا ہے"ثانیہ مسکراتی ہے.بدلے میں دریان بھی ہلکی سی مسکراہٹ دیتا ہے اور ثانیہ کا ہاتھ زور سے پکڑ لیتا ہے۔۔

تم نے اُسے اپنی اصلیت بتائے بغیر انگیجمنٹ کیسے فیکس کرلی"۔الیش نے اپنی خوکوار آنکھوں سے دریان کو دیکھا۔تم کیا چاہتی ہو؟ اُسے اپنی اصلیت بتا دوں،تا کہ مُجھ سے دور چلی جائے وہ"۔۔دریان نے غصے سے لیکن کالم لیجیے میں بولا۔

"تمہاری محبت کا اختتام تو یہی ہونا ہے"۔۔وہ ایسا کبھی نہیں کریگی۔اسکا من پڑھا ہے میں نے"۔

واقعی؟؟ہم ویمپائر انسانوں سے ہزار گنا زیادہ طاقت ور جب اپنے لوگوں کو نہیں چھوڑ سکتے،تو وہ ایک معمولی انسان جو ایموشنلی اتنی کمزور ہے۔اُس سے یہ توقع کرتے ہو کہ وہ اپنے لوگوں کو، اپنی فیملی کو چھوڑ دے گی"۔الیش مغرور انداز میں ہنسی۔۔

وقت انے پر تم اپنی آنکھوں سے دیکھو گی۔اور پھر یہی ہنسی تمھارے انسوں میں نہیں بدل جائے تو کہنا"۔دریان دھمکی دیتا ہوا

ایک اسمرک کر کے چلا گیا۔۔"رونا تو تمہیں ہے دریان،ایک انسان کے ہاتھوں،وہ تمہیں نہ رولائے تو کہنا"۔۔الیش نے سوچا۔۔

کیٹ گھیری نیند سے اچانک جاگی۔اُسکے کانوں میں مسلسل پڑھنے والی آوازے ابھی تک آرہی تھی.پاس پڑا موبائل مستقل بجھ رہا تھا، ساتھ ساتھ ڈور بیل بھی کوئی بجا رہا تھا۔وہ چڑ کر اٹھی اور فون کان سے لگایا۔کال جب تک کٹ چکی تھی۔اُس نے موبائل بیڈ پر پھینکا.

سلیپر پاؤں میں ڈالے وہ لڑکھڑاتے ہوئے ڈور پر گئی..سامنے ثانیہ ہاتھ میں فلاور بوقےِ اور ایک کارڈ لئے غصے میں کھڑی تھی۔اتنی دیر کیوں کردی کھولنے میں؟".وہ ناک چڑھائے اندر ائی۔"سو رہی تھی میں". ثانیہ نے غور سے کیٹ کو دیکھا۔تیری طبیعت تو ٹھیک

ہے؟کیا حال بنایا ہوا ہے".کیٹ اداسی سے مسکرائی۔۔طبیعت خراب ضرور ہوئی تھی لیکن اب ٹھیک ہوگئی ہے"۔

کیا کچھ ہوا؟ تو مجھے ٹھیک نہیں لگ رہی"۔۔میرا چھوڑ تو بتا کہاں تھی اتنے دِن سے؟ اور یہ کیا ہے؟". کیٹ نے ثانیہ کے ہاتھ میں کارڈ اور فلاورز کی طرف اشارہ کیا.

یار۔۔۔کیا بتاؤ کافی اسٹریس سے گزر رہی تھی،مجھے تو لگا تھا دریان ہمارے رشتے کو لے کر سیریس نہیں ہے،لیکن شکر ہے اُس نے سب ٹھیک کردیا اور میری ٹینشن کم ہوگئی"..تو بہت لکی ہے جو تُجھے دریان جیسا، اتنی محبت کرنے والا ملا"۔اہمم جی نہیں۔۔لکی تو آپ ہیں جو ایرک جیسا چاہنے والا ملا"۔ایرک کی بات پر کیٹ کے تاثرات بدلے..

چاہنے والا ؟؟جھوٹا، مکّار،اور دھوکے باز کہا جا سکتا اُسے"۔ایسا کیوں بول رہی ہے؟ کوئی لڑائی ہوئی ہے کیا ایرک سے؟". لڑائی؟؟ میں اُس سے بات کرنا پسند نہیں کرو کبھی"۔۔لیکن ہوا کیا ہے؟ تو نہ باتیں نہیں گھمایا کر"۔کچھ نہیں ہوا بس،میری زندگی بچ گئی خراب ہونے سے. کیٹ کوچ پر بیٹھی.. "ایرک نے مجھ سے جھوٹ بولا کہ اُسکی فیملی کی طرف سے میرے لئے ہاں ہے،لیکن اُسکی فیملی تو میری شکل تک نہیں دیکھنا چاہتی"۔ثانیہ تھوڑی دیر کچھ سوچتی رہی پھر بولی۔

کیا تونے ان سب کے بعد ایرک سے رابطہ کیا؟".میں کیوں کرو بھلا اُس سے رابطہ؟اور مجھے کیا ضرورت ہے۔اُس نے مجھے دھوکے میں رکھا یہ کافی نہیں ہے کیا؟".لیکن ہو سکتا ہے

مس انڈرسٹنڈنگ ہوئی ہو تُجھے،ایرک نے یہ چھپایا اُسکے پیچھے بھی کوئی وجہ ہوگی"۔بھلے کوئی بھی وجہ ہو۔اُس نے جھوٹ کہا ہے میرے سے،اج یہ بات چھپائی ہے کل کو کوئی اور بات چھپائے گا"۔جو بھی ہو کیٹ،لیکن میری یہی ایڈوائس ہے کہ ایک بار ایرک سے بات کرنا چاہیے"۔کیٹ نے انتہائی بیزاریت سے منہ پھیرا۔

تونے بتایا نہیں یہ کارڈ یہ فلاورز کس کے لئے؟".یہ۔۔۔یہ کارڈ اور فلاورز تیرے لئے ہیں۔میری ایگجمنٹ کی ڈیٹ فیکس ہوگئی ہے نیکسٹ سنڈے"۔ثانیہ اداسی سے مسکرائی.

کیا۔۔۔؟اُو ایم جی۔۔یہ تو بہت بڑی گڈ نیوز ہے"۔کیٹ نے ثانیہ کے ہاتھ سے کارڈ لیا اور پڑھنے لگی۔"ہاں۔۔۔لیکن اگر مجھے تیرا پتہ ہوتا تو میں ڈیٹ آگے کروا دیتی,سب کچھ اتنی جلدی ہوا کہ بات کرنے کا موقع ہی نہیں ملا اور میں تُجھے سرپرائز بھی دینا چاہتی تھی".

ڈونٹ بی فورمل یار، وی آر بیسٹ فرینڈز،ہمیں دوسروں کے خاطر اپنی خوشیوں میں رکاوٹ نہیں بننا چاہئے". کیٹ نے ثانیہ کو گلے لگاتے ہوئے کہا۔کب آئیگا سنڈے؟"...دونوں نے ایک دوسرے کے ہاتھ پکڑے اور مسکرائیں..

انگیجمنٹ کی تقیم رائل رکھی گئی تھی۔ایک بڑے شاندار ہال میں جو پُرانی یوروپین اسٹائل کی عمارت تھی۔وہاں تقریب رکھی گئی تھی۔دو بڑے لکڑی کے دروازے جن پر بہت بریک چاندنی کے نقش بنے ہوئے تھے۔ہال میں ڈیم بلیو لائٹ اور سلور لائٹنگ جو گیسٹ کے انے پر ہلکی مستکل بلیو گلو ماحول بنا دیتی ہیں۔ہال میں شاندار بڑے بڑے کرسٹل کے فانوس جن

میں وائٹ اور ڈیپ ریڈ کینڈلز جل رہی ہیں۔والز پر گولڈن کلر کے فریمڈ مررز لگے ہیں،جو نارمل رفلکشن دیتے ہیں۔لیکن کچھ سیکنڈ کے لئے لگتا ہے جیسے رفلیکشن ریلتیٹی سے سلائٹلی ڈفرنٹ ہو۔

والز پر رائل فیملی کے پورٹریٹس لگے ہیں جو سو دوسو سال پرانے لگتے ہیں۔ہر پیننگ میں لوگ کی آنکھیں انٹنسلی گیسٹ کو دیکھ رہی ہیں۔ہال کی ونڈو پر ہیوی ڈارک مہرون ویلویٹ کرٹن جو ہلکی ہوا سے ہل رہے ہیں۔۔

انگجمنٹ ٹیبل اور اسٹیج بلکل ہال کے سینٹر میں ہے،ایک ڈارک،چمکتا ہوا سنگِ مرمر اسٹیج،جو اتنا اسموتھ ہے کے چاند کی ریفلکشن اُس میں دیکھتی ہے.

اسٹیج کے چاروں طرف بڑے کینڈلز ہولڈر میں چھوٹی چھوٹی کنڈلز جل رہی ہیں جو ہوا سے اِدھر اُدھر ہورہی ہیں۔انگجمنٹ ٹیبل پر ڈیپ ریڈ روسز اسکیٹرڈ ہیں،اور کچھ پیٹلز ہلکی سی بلیک ٹینٹ میں ہیں.رنگ ایک چھوٹے بلیک ویلویٹ بوکس میں رکھی گئی ہے۔جب بھی کوئی اُس بوکس کے قریب جاتا ایک کولڈ ہوا فیل ہوتی... پورے ہال میں اے سی اور ایئر وینٹس بند ہونے کے باوجود کافی ٹھنڈ محسوس ہورہی تھی....

ثانیہ ہلکا گلابی گاؤن پہنے جس میں سلک اور شیفون کا کامبینیشن، جو ہلکی ہوا میں بھی گریسفلّی فلو کرے۔اُس پر سلور کلر کی ایمبرائیڈری جو چاند کی طرح چمک رہی تھی.. آستین کلائی تک اتی ہیں جس پر سلور ہی ایمبرائیڈری جو اسٹارڈسٹ کی طرح گلو کرتی ہے۔ڈائمنڈ چوکر

نیکلیس جو اُسکی نیکلائن کو اسٹننگ بنائے،میچنگ ہی سلور ایئر رنگ جو روشنی میں چمک رہے ہیں۔ہونٹوں پر سوفٹ پنک کلر کی لپسٹک جو اُسکی بیوٹی کو نیچرل بنا رہی تھی۔لائٹ گلٹری ائی شیڈو جو میسٹکل ٹچ دے رہی تھی۔لونگ ہیرس کو کیرلس کیئے،جو ہلکی سی بریڈز کراؤن سے بھندے جس میں چھوٹی پیرلس پنز لگی ہیں۔ثانیہ کیسی فیئری ورلڈ سے ای پرنس کی طرح انگجمنٹ ہال میں اپنے گاؤن کو ہاتھوں میں پکڑے نزاکت سے دھیرے دھیرے اتی ہے۔جو لوگوں کو ایک نظر میں بھانے کے لئے کافی ہے۔۔

وہی دریان بھی کسی پرنس سے کم نہیں لگ رہا تھا۔بلیک ویلویٹ سوٹ جو بہت شارپ اور الجنٹ لوک دے رہا تھا۔،دیپ مہرون سلک کا ویسٹکوٹ جو صرف ہلکی سے کلر ڈیٹیلنگ دے،اُس پر سلور ایمبرائیڈری پیٹرنز،اور اوپر سے ایک لونگ بلیک کورٹ جس میں وہ ایک رائل شیزادہ لگ رہا تھا۔ہاتھ میں ایک بلیک کلر کی سٹون کی رنگ پہنے، سلیک ویل اسٹائلز بالوں میں، کالی آنکھوں میں ایسی کشش لئے جس سے کوئی بھی آسانی سے پینوٹائیز ہو جائے،

حال میں مہمانوں کی آمد کا سلسلہ جاری تھا۔کیرن ناز اور اُنکے ہسبنڈ بھی انٹرنس پر کھڑے گیسٹ کا خوش دلی سے ویلکم کر رہے تھے۔حال میں دریان کے کچھ ویمپائر دوستوں کو بھی انا تھا اور ہر بار کی طرح اس بار بھی دریان کی انسٹرکشن کے مطابق عام انسانی روپ میں ہی وہ ائے تھے۔

حال میں موجود گیسٹ نے کافی کچھ آن نیچرل بھی محسوس کیا لیکن اپنا وہم سمجھ کر انہوں نے اپنا سر جھٹک دیا۔ایک سرد ہوا کا جھونکا بار بار لوگوں کو تنگ کرتا جیسے وہ بس ایک ہوا ہی سمجھ کر اگنور کردیتے۔۔

ثانیہ نے کیٹ سے فرمائش کی تھی کے وہ سارا دن اُسکے ساتھ رہے لیکن طبیعت میں زیادتی کی وجہ سے وہ رات میں ہی آئی تھی۔بیمار ہونے کی وجہ سے اُسکی ڈریسنگ اور چہرے کو دیکھ کر کوئی یقین نہیں کر سکتا تھا کے وہ اندر سے کتنی بیمار ہے..ثانیہ کی فرمائش پر دونوں نے سیم کلر کی ڈریسنگ کی تھی۔۔ہلکی گلابی رنگ کی ساڑی جو اُسکی اسمارٹ باڈی پر انتہائی پیاری لگ رہی تھی۔۔ساڑی کے باٹم میں وائٹ کلر کی پٹلی پتلی بیلے بنی ہوئی تھیں۔۔۔وائٹ ہی چمکتی ہوئی جیولری پہنے،بالوں کو کان کے پیچھے ٹیکائے اور ہلکا گلابی میکپ کا ٹچ دیئے وہ خاموش کھڑی تھی۔۔۔

سب کتنا یونیک لگ رہا ہے"ثانیہ نے اسٹیج پر کھڑے ہوکر پورے ہال میں نظر گھمائی۔مجھے تو بلیو نہیں ہورہاہے اج میری انگجمنٹ ہے"ثانیہ نے منہ پر ہاتھ رکھا۔کیٹ اسکو دیکھ کر مسکرائی۔دونوں کی نظر سامنے پڑی جہاں سے دریان ہیرو کی طرح آتا دیکھائی دے رہا تھا۔چہرے پر ایک اسمعیل تھی۔۔گھیری کالی آنکھوں میں کشش اور ثانیہ کو محبت سے دیکھتے ہوئے وہ اسٹیج پر آیا۔۔

کیسا لگ رہا ہوں میں؟". ثانیہ کے برابر میں کھڑا ہوکر اُس نے پوچھا۔سچ بتاؤ یا جھوٹ؟".

اُمم جھوٹ ہی بول دو"۔۔مسٹر میں جھوٹ نہیں بولتی،اور سچ یہ ہے کہ تم جیسا انسان میں نے اپنی زندگی میں کبھی نہیں دیکھا"۔۔ثانیہ نے زندگی پر زور دیا۔ویسے یہ ایک طرح سے تعریف بھی ہے اور برائی بھی"۔کیٹ نے دونوں کو الگ کرتے ہوئے بولا۔تبھی سامنے سے دریان کے دوست اسٹیج پر ائے۔انکو دیکھ کر ثانیہ خود کو آنکمفرتیبل ہمیشہ سے ہی فیل کرتی تھی۔

الیش جس نے بلیک کلر کی میکسی پہنی تھی،اُسکی میکسی زمین کو چھو رہی تھی۔ڈارک براؤن بالوں کو کرل کیے،لمبی ہیل پہنی اور گھیری سرخ لپسٹک لگائے کالی سیاہ آنکھیں جن میں اداسی تھی لیکن اس سے زیادہ ثانیہ کے لیے کینہ تھا۔اگئے بڑھ کر ثانیہ کو گلے لگایا

زونی اور بیل نے بھی آگے بڑھ کر ثانیہ سے مصافحہ کیا۔بہت مبارک ہو ثانیہ!اب تم بھی جلد ہی ہم میں آجاؤ گی"۔زونی نے اسمرک کری۔دریان سنجیدہ کھڑا جبکہ اسکا دماغ کہیں اور تھا ثانیہ کے دیکھئے پر سٹپٹایا۔۔میرا مطلب ہے کہ۔۔تم اب ہماری گنگ میں اجاؤ گی ہماری سسٹر ان لو"۔ثانیہ مسکرائی۔اور آپ۔۔کیسی ہیں؟". بیل نے کیٹ کی طرف دیکھا جو بیمار ہونے کی وجہ سے خاموش کھڑی تھی۔کیٹ مسکرائی۔میں۔۔۔؟""" اسکی طبیعت صحیح نہیں ہے"۔ثانیہ نے اداسی سے کیٹ کی طرف دیکھا۔کیرن ناز اسٹیج پر آئیں اور سب کو مسکرا کر دیکھا۔۔ثانیہ،دریان چلو بیٹا ایک دوسرے کو انگھوٹی پہنانی ہے یا نہیں؟". ثانیہ اور دریان نے ایک دوسرے کو دیکھا اور مسکرائے۔

باقی سب اسٹیج سے نیچے اُتر گئے اور بس دریان اور ثانیہ ہی اسٹیج پر کھڑے رہے۔سب کی نگاہ دونوں پر مرکوز تھیں۔اور اُن دونوں کی نگاہ ایک دوسرے پر۔دریان نے بلیک ویلویٹ کا بوکس اٹھایا جس میں ایک انتہائی خوبصورت اور نازک سی رنگ تھی، جس پر لال کلر کا چمکتا ہوا سٹون لگا ہوا تھا۔لال کلر محبت کی پہچان ہے اور یہ پہچان میں ہمیشہ کے لیے اس رنگ کی صورت میں تمہیں دیتا ہوں"۔ثانیہ نے دریان کی طرف ہاتھ بڑھایا۔دریان کے ہاتھ ضرورت سے زیادہ ٹھنڈے اور یخ تھے جو ثانیہ نے بھی محسوس کیے۔ویمپائر جب دل سے خوش ہوتے ہیں تو انکا پورا جسم برف کی طرح یخ ہوجاتا ہے۔دریان نے جیسے ہی رنگ ثانیہ کی فنگر میں ڈالی ہال کی لائٹ چند سکینڈ کے لیے بند ہوئی اور بس کینڈل اور چاند کی روشنی فلیکر کرنے لگی۔ ٹھنڈ کا احساس مزید بڑھتا گیا۔ہواؤں کی رفتار آہستہ آہستہ تیز ہوئی لگی جو ثانیہ کی بالوں تک کو ہلا رہی تھی۔ہال میں تالیوں کی آواز گونجی اور ایسی کے ساتھ ہال کی ساری لائٹ دوبارہ آن ہوگئی۔

ثانیہ نے بھی رنگ دریان کو پہنائی اور یوں ایک ویمپائر کی محبت پوری ہوئی۔اُس نے انسان کو چاہا،اُسکے چاہنے کی آس نے اُسے ایک انسان سے شدید محبت کروا دی۔اور اج اُسکی محبت کی آدھی جیت تھی۔آدھی جیت اُسکی ابھی باقی تھی۔۔

انگجمنٹ کی تقریب ختم ہوگئی تھی۔سب تھک کر اپنے اپنے گھر جا چکے تھے لیکن ابھی ایک اور پارٹی باقی تھی۔ویمپائر پارٹی۔۔ویمپائر جشن، جو وہ انسانوں کے بیچ میں نہیں منا سکتے تھے۔رات کے لگ بھگ تین بجے جس ٹائم پورا چاند نکلا ہوا ہے۔

ایک ہڈن کیو،جو ماؤنٹین کے بیچ میں چھپی ہوئی ہے،اج رات یہاں کی ویرانی ختم ہونے والی ہے۔کیو جب باہر سے دیکھو تو بس پتھر کا ایک کریک لگتا ہے،لیکن اندر ایک بڑا انڈر گراؤنڈ ہال ہے،جسکی دیواروں پر پرانے نقشے جو پوری دیوار تک پھیلے ہوئے ہیں،دھیرے دھیرے چمک رہے ہیں،جیسے آہستہ آہستہ اُن نقشوں میں جان آرہی ہو۔ہوا ٹھنڈی ٹھار ہے،ہوا میں ایک الگ ہی ویب ہے جسکو بس ویمپائر محسوس کر سکتے ہیں۔دریان ہال کے سینٹر میں کھڑا بلیک شرٹ پر بلیک گھٹنوں تک آتا کورٹ پہنے جسکے کالر پر لال کلر کی ایمبرائیڈری ہے ہاتھ میں وائٹ کلر کی چمکتی ہوئی رنگ اور دوسرے ہاتھ میں ثانیہ کی پہنائی ہوئی رنگ ہے۔اُسکی آنکھیں ہر انے والے گیسٹ کو اسکین کر رہے ہیں،

سیلنگ سے لال رنگ کے فانوس لٹک رہے ہیں،جن میں ریڈ لیکوئیڈ بھرے ہوئے گلاسس گلو کر رہے ہیں،اس میں اصلی بلڈ-فیلڈ گلاسس ہیں،جو ویمپائر گیسٹ کے لیے رکھے گئے ہیں۔

بیک گراؤنڈ میں ایک عجیب سی میوزک چل رہا ہے_لو وسپرز کر ہلکی سی ہنٹنگ میلوڈی جو ہر کیسی میں اندر عجیب فیلنگ جگا رہا ہے۔کچھ ویمپائر ہاتھوں میں ریڈ لیکوئیڈ سے بھرا گلاس پکڑے مزے سے پی رہے ہیں جیسے اُس سے انکو طاقت مل رہی ہو۔۔کچھ اپنی آنکھوں سے دریان کو دیکھ رہے ہیں۔۔

ایک ویمپائر ہاتھ میں پکڑا گلاس لیکر دریان کے قریب آتا ہے اور ایک سمائل دیتا ہے۔"کیا تمہیں لگتا ہے کی ایک انسان تمہارے ساتھ رہ سکے گا؟ یا تم کوئین آف ویمپائر کے ہاتھوں اپنا وجود ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ختم کردو گے؟".

بیک گراؤنڈ میں کچھ ویمپائر سلو سلو ڈانس کر رہے ہیں،لیکن انکے مووز ایسے ہیں جیسے ہوا میں تیر رہے ہوں۔۔

تبھی ایک زور کی چیخ سے سب چونک گئے۔۔انٹرنس سے آتا ہوا دھواں اُس دھواں کے پیچھے کوئی تھی۔ نشیلی آنکھیں جو زہر سے بھی زیادہ کڑوی تھیں،آنکھوں میں گھیرا کاجل،سفید چمکتی ہوئے چہرے پر ایک تیز کڑکتی ہوئی سمائل کے ساتھ وہ اپنی ہیل کی آواز کے ساتھ قدم بڑھاتی اندر ای۔اُسکا گاؤن اتنا لمبا تھا جو اسکی پرچھائی کو چھپا رہا تھا۔وہ تھی سرپھنہ، جو طاقت کے ساتھ ساتھ ویمپائر کی دنیا میں ایک الگ ہی مقام رکھتی تھی۔سب سے حسین اور سب سے زیادہ عمر کی حامل۔۔الیش کی وہ بیسٹ فرینڈ تھی جبکہ دریان سے بھی اُسکی کافی اچھی بائنڈنگ تھی۔

چلتی ہوئی وہ دریان کے قریب ای" سمجھ نہیں آتا تمہیں مبارک باد دو یا تمہاری بربادی پر ماتم کرو" چہرے پر سمائل سجائے وہ دریان سے ملی۔تم یہاں اگئی یہی کافی ہے ان سب کی ضرورت نہیں ہے"۔دریان نے بھی طنزیہ لہجے میں کہا۔"ایک انسان سے محبت؟تم جیسے طاقت ور ویمپائر سے مجھے یہ امید نہیں تھی۔تم بھی آخر انسانی کمزوریوں کا شکار ہوگئے؟".

دریان کو اپنے پیچھے بیٹھے لوگوں کے قہقہے سنائی دیئے۔الیش جو کھڑی بس سب سن رہی تھی آنکھوں سے سرپھنہ کو ویلکم کیا اور دریان کے قریب ای۔

"تمہیں کیا لگتا ہے دریان؟ ایک انسان تمہاری محبت کے قابل ہے؟وہ تمہارے برابر ہے؟تم جو کبھی سب سے الگ اور طاقت ور تھے،اب صرف ایک کمزور انسان کی پرچھائی بن چکے ہو۔اُسکا ایک انکار تمہاری وجود کو مٹا دیگا"۔الیش نے مسکراہٹ کے ساتھ زہر اگلا۔

دریان کا صبر دھیرے دھیرے ختم ہوتا جارہا تھا۔وہ نہیں چاہتا تھا یہ رات خراب کرنا اج کی رات اُسکی خوشیوں کی رات تھی جسکو خراب کرنے کی کوئی قصر نہیں چھوڑی جارہی تھی۔دریان نے ایک ٹھنڈی سانس بھری اور دھیرے سے بولا،"اگر تم لوگوں کو لگتا ہے کہ تمہاری یہ باتیں مجھے ثانیہ سے دور کر سکتی ہیں، تو ایک بات بتا دوں میں تم لوگوں کو، میں اسکا ہو چکا ہوں اور وہ میری ہو چکی ہے،اب اگر کوئی تیسرا ہمارے بیچ انے کی کوشش کریگا تو میں بھول جاؤنگا کہ تم لوگ میرے کیا لگتے ہو۔امید ہے سمجھ گئے ہوگے"۔دریان سب کو وارن کرتا ہوا ہاتھ کورٹ کی جیب میں ڈال کر آگے بڑھ گیا۔۔۔

تم؟؟یہاں؟".کیٹ نے غصے سے اپنا راستہ بدلا۔

کیٹ میری بات تو سنو،تم نہ میری کالز کا جواب دے رہی ہو،نہ مجھ سے بات کر رہی ہو.آخر ہوا کیا ہے؟".ایرک اُسکے سامنے آیا۔او۔۔

تو میں یہ ازیوم کرو کہ تمھارے پرنٹس نے تمہیں میرے انے کی اطلاع نہیں دی ہے"۔ کیٹ نے طنزیہ انداز میں کہا.ایرک نے اہ بھری.

میں سمجھ سکتا ہوں کیٹ، تم کس بات پر خفا ہو،لیکن بلیو می،میں اُنہیں منا لونگا"۔

او ریالی اُسکے لئے چاہے تین سال لگے،پانچ سال لگے یا دس سال لگیں"۔

ایسا نہیں ہے،میری پوری کوشش ہے کہ میں اُنہیں جلد ہی رضا مند کرلو"۔۔

ہمم اور اگر رضا مند نہیں ہوئے تو اینڈ ٹائم پر کیٹ کو چلتا کرو گا۔۔رائٹ؟

"کیٹ۔۔تم اتنا غصّہ کیوں کر رہی ہو یار؟".

بس ایرک۔۔۔مجھے تم سے اب کوئی تعلق نہیں رکھنا۔تم سچ بھی بتا سکتے تھے لیکن تم نے جھوٹ بولنا مناسب سمجھا"۔

کیوں کہ میں تمہیں ہرٹ نہیں کرنا چاہتا تھا"۔

اور جھوٹ بول کر تو تم نے بڑا احسان کیا ہے مُجھ پر"۔ایرک نے اپنی آنکھیں بند کی اور گہری سانس لی۔۔

تو تم نے فیصلہ کرلیا ہے یہ سب یہی ختم کرنے کا؟کیا اتنا ہی پیار تھا؟".

یہ ایموشنلی ڈراما کہیں اور جاکر کرنا۔میں ان سب باتوں میں نہیں انے والی"۔

صحیح ہے تمہیں مجھ سے نہیں ملنا،اور نہ میری شکل دیکھنا ہے تو میں کوشش کرونگا کہ تمھارے سامنے نہیں اوٗں"۔۔وہ جیب میں ہاتھ ڈال کر بغیر اُسے دیکھے مڑ گیا اور کیٹ اُسے جاتا ہوا دیکھتی رہی۔

ثانیہ کی نظرے سامنے لگی اسکرین پر تھی جس میں انتہائی اہم نیوز چل رہی تھی.پہلے تو اسکو اپنی آنکھوں پر یقین نہیں آیا۔حیرانی سے اپنا منہ کھولے اُس نے نظرے سامنے جمائے ہوئے صوفے پر ہاتھ مارتے ہوئے اپنا موبائل تلاش کیا۔

موبائل کو ہاتھ میں لئے اُس نے کیٹ کو کال گھمائی،نظرے ابھی بھی سامنے تھیں۔رنگ جارہی تھی لیکن فون نہیں اٹھایا جارہا تھا۔جنجھلا کر اُس نے فون پھٹکا اور کچھ سیکنڈ بعد دوبارہ موبائل اٹھایا اور دریان کو کال گھمائی۔۔دو تین رنگ بعد فون اٹھا لیا گیا۔۔

دریان۔۔تم نے نیوز دیکھی؟".

ارے یار فضول نیوز دیکھانے کے لئے فون کیا ہے؟مجھے تو لگا رات کا وقت ہے کچھ رومینٹک باتیں وغیرہ کرنے کا سین ہو گا"۔

دریان"۔۔۔ثانیہ غصے سے بولی۔۔

مذاق کر رہا تھا یار نیوز پر ایسا کیا آرہا ہے؟".

انبیلیویبل چیز، تم سنو گے تو بہت شوکز لگے گے تمہیں"۔

کیا؟؟ایسا کیا ہے جو مُجھے شاک دے سکتا ہے؟"

تم ایک کام کرو نیچے آو وہی بتاؤ گیں"۔.

لیکن ثانیہ۔۔۔سنو تو"فون رکھ دیا گیا۔

ایسا کیا ہے جو مُجھے شاک دے سکتا ہے".دریان نے سوچا۔

"اہ میں بھی کہاں ثانیہ کی باتوں میں آرہا ہوں۔دریان سر جھٹک کر اٹھا۔

ثانیہ سکین کلر کا پاجامہ اور شرٹ پر مہرون کلر کی شال لئے باہر ای۔مہینے گزرتے گزرتے ٹھنڈ کم ہوگئی تھی، لیکن ابھی بھی سرد ہوائے نہیں تھمی تھیں.

نیچے اکر موبائل ہاتھ میں پکڑے بے صبری سے وہ دریان کا ویٹ کرنے لگی تبھی دور سے آتا ہوا وہ دیکھائی دیا۔وہی کالی ھوڈی سے سر ڈھکے ہوئے ہاتھوں کو پینٹ کی جیب میں ڈالے وہ چلتا ہوا اُسکے قریب آیا۔

بولو کیا نیوز ہے؟نیوز کاسٹر مس ثانیہ دریان"۔

تازہ ترین خبر یہ ہے کہ جس نے میرے چھکے چھوڑا دیئے اور تمھارے اب چھوٹنے والے ہیں"۔ثانیہ نے چہکتے ہوئے کہا۔

ایسی بھی کیا بات ہے؟ جو میرے۔۔دریان کے چھکے چھڑا دے"۔

تمہیں یاد ہے کیٹ کا بوائے فرینڈ ایرک؟"

ایک منٹ ایک منٹ"دریان نے ثانیہ کو ٹوکا۔۔میں تمھارے علاوہ کیسی اور کو یاد نہیں کرتا،اور تم دوسرے لڑکوں کو"۔دریان نے دانت پیسے.

ارے میری بات تو پوری سنو۔۔ایرک نے بتایا تھا نہ کہ کچھ لوگوں کو جنگل سے پکڑا ہے"دریان ٹھٹکا۔۔

پھر؟؟اسکا کیا؟؟

"تو ابھی نیوز پر یہ خبر چل رہی ہے کہ۔۔۔مجھے تو سمجھ نہیں آرہا دریان میں کیسے بولوں۔۔اچھا اچھا رکو میں بولتی ہوں۔ثانیہ نے خود پر قابو پایا۔تو یہ بات کنفرم ہوگئی ہے کہ اُن لوگوں نے ویمپائر ہی کو پکڑا تھا۔ویمپائر ہیں دریان، ویمپائر ہیں۔مجھے تو بلیو نہیں ہورہاہے"۔۔ثانیہ دریان کا بازو پکڑتے ہوئی اچھلی

وواٹ نونسینس،ثانیہ یہ سب بس کتابوں میں سچ ہوتا ہے حقیقت میں نہیں"۔

اور جو نیوز میں بتا رہے ہیں؟وہ کیا جھوٹ بول رہے ہیں؟".ثانیہ نے کمر پر ہاتھ باندھے۔

ثانیہ میری بات سمجھو، یہ سب یہ ویمپائر وغیرہ یہ سب سچ نہیں ہے۔یقیناً یہ سائنٹسٹ جھوٹ بول رہے ہیں۔اور وہ ایرک۔۔۔مجھے تو شکل سے ہی جھوٹا لگتا ہے".

دریان ایسا تو نہیں بولو،وہ ایک سائنٹسٹ ہے اور اسکو ہم سے زیادہ نالج ہے"۔

رہنے دو تم زیادہ حمایت نہیں لو اُسکی" دریان نے گالی بکتے ہوئے کہا۔

بس دریان۔۔تم کیوں اتنا غصّہ ہورہے ہو؟سچ سب کے سامنے ایک نہ ایک دن اہی جائیگا"۔دونوں کے بیچ لمبی خاموشی کے بعد دریان نے پہل کی اور گڈ نائٹ بولتے ہوئے وہاں سے چلا گیا...

اسکی تو اکڑ ہی نہیں جاتی"ثانیہ نے سوچا۔

سائنٹسٹ کی اسٹیٹمینٹ سے ہر جگہ طوفان مچا ہوا تھا لوگوں کو ابھی بھی شک تھا کے یہ کوئی اسکیم ہے، لیکن اکثر لوگوں نے یقین بھی کرلیا تھا۔سائنٹسٹ کے سینئیر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے یہ وعدہ کیا تھا کہ وہ جلد ہی عوام کے سامنے ثبوت کے ساتھ نہ صرف اینگے بلکہ ویمپائر کے رہنے کی جگہ بھی ڈھونڈ نکالیں گیں۔۔

وائلڈ انیمالز والوں نے کئی جگہوں پر حملا بھی کیا تھا جہاں اُنہیں لگتا تھا کے ویمپائر اپنا پڑاؤ ڈال سکتے ہیں لیکن اس میں اُنھیں ناکامی کا سامنا کرنا پڑا لیکن انکے ویران جگہوں اور جنگلوں میں چھاپے جاری تھے۔۔

دریان ایک پُرانی عمارت میں کھڑا تھا جہاں بس اندھیرا تھا اُسکے ساتھ اُسکے دوست الیش،بیل،زونی اور سیر پھنہ تھے۔سب کے چہروں پر ٹینشن صاف دکھائی دے رہی تھی،

لیکن دریان بغیر کیسی تاثر کے کھڑا تھا جیسے اُسے کوئی فرق نہیں پڑا اور یہی چیز اُسکے دوستوں کو ہائپر کرنے کے لیے کافی تھی..

بیل نے آگے بڑھ کر اپنے سرخ آنکھیں دریان پر ڈالی۔"یہ سب تمہاری وجہ سے ہوا ہے،تم اس سب کے ذمے دار ہو"الیش غصے سے آگے بڑی اور بیل کو پیچھے کیا جیسے دریان اسکا شکار ہو۔

تمہاری محبت کی وجہ سے ہم سب کا وجود خطرے میں ہے دریان"۔وہ دھاڑی تیز آواز کے ساتھ، سرخ آنکھوں سے دریان کو کھا جانے والی نظروں سے دیکھا۔دریان نے اُسکی بات سنی،لیکن اس پر کوئی اثر نہیں ہوا اُسکی آنکھیں ایک پل کے لئے بھی نہیں جھپکی،اُسکا چہرہ بلکل بیزار تھا۔لیکن ایک اندر ایک آگ تھی جسکو وہ قابو کیے ہوئے تھا۔

"تم اتنے شرمندہ ہو دریان، کہ تمھارے پاس اپنی صفائی دینے کے لئے کچھ بھی نہیں ہے۔تم نے ہم ویمپائر کا روپ دبدبہ سب ختم کردیا ہے اُس۔۔اُس انسان کے لئے"۔سرپھنہ نے ٹھنڈے لہجے لیکن گرم آنکھوں سے کہا۔

وہ لڑکی تمھارے قابل نہیں ہے دریان، تم اُسکے لئے اپنی قوم سے دشمنی لوگے؟دریان آگے بڑھا اور الیش کو آنکھوں سے گھورا...."بس۔۔اب ایک لفظ نہیں،اگر اب کیسی نے بھی اسکو بولا تو میں تم سب کا دشمن بن جاؤنگا"۔ٹھنڈے لیکن کاٹ دار لہجے میں کہا۔۔

بیل مذاق اڑانے والے انداز میں آگے بڑھا اور کہا۔"دشمن؟؟کیا تم ہمیں مارنے والے ہو؟تم اپنے ہی لوگوں پر اب یہ کروگے؟تمہیں اسکا انجام بھی معلوم ہے؟اگر ہم تمہیں برداشت کر رہے ہیں تو بس ہماری دوستی کی وجہ سے ورنہ یہ مت بھولو کے ہم بھی ویمپائرز ہیں"۔

تم لوگ جو کچھ بولو مجھے اُس سے کوئی فرق نہیں پڑھتا،میں نے خود کو قربان کردیا ہے اُسکے لیے،بہتر یہی ہے کہ میرے راستے سے ھٹ جاؤ تم لوگ"۔سرپھنہ چہرے پر ہنسی سجائے آگے بڑھی۔دریان ایک دن یہی تمہاری محبت تمہاری تباہی کا سبب بنے گی"۔

دریان نے بغیر جھجک جواب دیا۔"تو پھر وہ دن انے دو۔میں اپنی تباہی سے پہلے تم سب کی دنیا جلا دونگا"۔اور چہرے پر سمرک لئے وہاں سے نکل گیا۔۔سب ایک دوسرے کی شکلیں دیکھتے رہ گئے۔

کیٹ کوچ پر بیٹھی ریلنگ سے اوپر دیکھ رہی تھی جہاں ثانیہ کا دروازہ ہے۔پنک پرنٹڈ ٹاپ کے اوپر بلیو جینز پہنے بالوں کو پونی ٹیل بنائے کبھی موبائل تو کبھی اوپر ریلنگ پر دیکھتی۔۔

"اگئی اگئی". ثانیہ اوپر سے جلدی جلدی زینہ اترتی نیچے ای۔"کیوں بلایا ہے یار اپنی نیند خراب کر کے ای ہوں میں"کیٹ نے جمائی روکی۔

دِن رات تو سوتی رہتی ہے ،اب تو لائبریری میں بھی زیادہ نہیں جاتی تو"..ویکیشن ہے ابھی اسلئے زیادہ ریڈرز نہیں اتے"۔ہمم ہوپ کے یہی بات ہو"یہی بات ہے بھلا اور کوئی کیا بات ہو سکتی ہے"کیٹ نے لاپرواہی سے کہا۔۔۔

تو نے کیا سوچا پھر ایرک کا؟"میں بھلا اُسکے بارے میں کیا سوچوں گی؟" جب تک بات نہیں کریگی اُس سے،مسئلہ کا حل کیسے نکلے گا؟".بات؟؟میں نے بریکوپ کرلیا ہے یار"۔ثانیہ نے اہ بھری۔تو ایرک کے بغیر رہ لگی؟". لوگوں کے پیارے اس دنیا سے جب جاتے ہیں تو کیا وہ جینا چھوڑ دیتے ہیں؟".لیکن جینا مشکل ہوتا ہے"۔زندگی گزر ہی جاتی ہے یار"۔کیٹ نے لاپرواہی سے کہا۔۔

تونے کچھ دیکھا نیوز میں"؟؟نہیں کیوں؟"۔پتہ نہیں یہ سچ ہے یا نہیں۔۔لیکن نیوز پر یہ خبر چل رہی ہے کہ ویمپائر کا وجود ہے"کیٹ ہنسی۔۔اچھا اور کیا کیا آرہا ہے نیوز پر؟". آئی ایم سیریس یار، سینیئر سائنٹسٹ نے بھی یہ اسٹیٹمینٹ دی ہے کہ وہ ہیں"۔

اچھا اگر وہ ہیں تو کہاں ہیں؟"کیٹ نے مذاق اڑانے والے انداز میں کہا۔۔یہ تو نہیں معلوم لیکن اُنہوں نے کہا ہے، وہ جلد ہی ڈھونڈ نکالے گئیں۔

لیکن میں ایک بات سوچ رہی ہوں۔کہ یہ سب اگر حقیقت ہوا تو کتنا خوفناک ہوگا۔لائک وہ ہمارا خون پیئنگے۔۔آھھہ"ثانیہ نے جھرجھری لی۔تیرے لئے تو یہ اچھا ہے تیری نہ پوری ہونے والی وش پوری ہوجائے گی"۔کیٹ نے ٹیبل پر پڑھے سٹون اٹھائے جو سجاوٹ کر لئے

رکھے گئے تھے چھوٹے چھوٹے رنگ برنگی اصلی پتھر...ہاں میں سوچتی تھی کاش میری زندگی میں کوئی ویمپائر آجائے میں اُسے اپنا خون تک پیلا دونگی جب وہ بھوکا ہوگا"۔ثانیہ کی بات پر دونوں ہنس پڑھیں۔۔

مجھے تو ابھی بھی یہی لگتا ہے کہ یہ سب بس ایک جھوٹ ہے اور کچھ نہیں۔لوگوں کا دھیان ان سب چیزوں میں لگانا جنکا کوئی وجود ہی نہیں ہے"۔تُجھ میں اور دریان میں کوئی فرق نہیں ہے، سچ میں،وہ بھی یہی باتیں کرتا ہے"۔ثانیہ نے ناک چڑھائی۔۔

